19/02/2026

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر مینعارف حسین

مودی

سمٹ 2026کا با Impact وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی کے بھارت منڈپم میں انڈیا اے آئی ضابطہ افتتاح کریں گے۔ وہ سمٹ کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کریں گے۔ سمٹ میں اقوام کے علاوہ دیگر کئی عالمی رہنما بھی اظہا Antonio Guterres متحدہ کے سیکریٹری جنرل رخیال کریں گے۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے کٹرہ میں شری ماتادیوی استھاپن کے نزدیک شری شنکر اچاریہ مندر کا سنگ بنیاد رکھا ۔ اس موقعے پر ایل جی نے کہاکہ مندر کمپلیکس پر کل31کروڑ 51لاکھ روپے صرف کئے جائیں گے جس کا پورا خرچہ شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ برادشت کرے گا ۔

اس موقعے پر ایل جی نے ریاسی اور اس کے ملحقہ علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کار خانہ داروں اور سیلف ہیلپ گروپوں کے ساتھ بھی بات چیت کی۔

اپنے خطاب میں ایل جی نے کہا۔

....

رمضان

آج سے ہجری سال 1447کے نوینمہینے ”رمضان المبارک“ کا آغاز ہو گیا ہے ۔اس بابرکت مہینے میں مسلمان روزے رکھنے کے علاوہ کثرت سے نفلی عبادات کرتے ہیں۔ روزوں کے انسانی صحت پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اس بارے میں شیرکشمیرانسٹی چیوٹ آف میڈیکل شعبے کے ایڈیشنل پروفیسر Pulmonology سائنسز صورہ سرینگر میں انٹر نل میڈیسن اینڈ ڈاکٹر سید مدثر قادری نے آکاشوانی نیوز سرینگرکو بتایا۔

....

رمضان مبارکباد

وزیر اعظم نریند رمودی ، لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری اور سبھی کابینی وزراءکے علاوہ کئی دینی ، سماجی اور سیاسی شخصیات نے لوگونکوماہ رمضان کی آمد پر مبارکباد دی ہے ۔

کشمیر وی کے بردی نے ماہ صیام کی شروعات پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے -IGP

اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوننے امید ظاہر کی ہے کہ یہ مقدس مہینہ عالم انسانیت کیلئے امن، خوشحالی اور ترقی کا پیغام لے کر آئے گا۔

اطلاع

سامعین!ہمارے خبروں کے بلٹینز کے حوالے سے ایک ضروری اطلاع:-

ماہ رمضان کے دوران ہمارے یہاں سے نشر ہونے والا گوجری خبروں کا بلٹین شام 5بجکر50منٹ کے بجائے 5بجکر45منٹ پر نشر ہوا کرے گا۔

اسی طرح سے شام 6بجکر25منٹ پر نشر ہونے والا کشمیری خبروں کابلٹین اس ایک مہینے کے دوران شام 5بجکر55منٹ سے 6بجکر10منٹ تک نشر ہوا کرے گا۔

کینسر

جموں کشمیر میں کینسر کے پھیلاؤ کو قابو کرنے کیلئے صحت و طبی تعلیم محکمہ نیتی آیوگ ، اور ہومی بابا کینسرہاسپٹل اینڈ ریسرچ سینٹر پنجاب کے اشتراک سے ایک جامع کینسر ICMR کنڑول منصوبہ تیار کر رہا ہے ۔ محکمہ کے سیکریٹری ڈاکٹر سید عابد رشید شاہ نے کل جمونمیں ایک میٹنگ کے دوران اس منصوبے پر کام کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔

سکاسٹ

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کے اہتمام سے دیہی نوجوانوں کو کی مرمت کے بارے میں تربیت فراہم کرنے کیلئے 37روزہ Tillers اسٹیشنری انجن اور پاوٗر سکل ٹریننگ پروگرام جاری ہے۔اس پروگرام کا افتتاح کل یونیورسٹی کی ڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر رئیحانہ حبیب کنٹھ نے کیا۔اظہار خیال کرتے ہوئے انہوننے کہا کہ یہ پروگرام دیہی نوجوانوں کو تربیت فراہم کرنے کے علاوہ انہیں مالی لحاظ سے خود مختار بنانے میں بھی مدد گار ثابت ہوگا۔

ستیش

کھیل کود و امور نوجوان کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ تاریخ ، ثقافت اور تمدن سماجی خوشحالی کی کلید ہیں جنہیں تحفظ فراہم کرنا انتہائی اہم ہے ۔ وزیر موصوف جموں میں ایک اسکول مینمنعقدہ ایک تقریب میں خطاب کر رہے تھے ۔انہوں نے کہا کہ سرکار نوجوانوں

مینسائنسی اور اختراعی مزاج پیدا کرنے کے علاوہ کھیل کود کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی وعدہ بند ہے۔

بڈگام

بڈگام ضلع کے سیاحتی مقام دودھ پتھری کے پریہاس میدان میں محکمہ سیاحت کی جانب سے کل دودھ پتھری سنو کارنیوال 2026منعقد ہوا ۔اس کارنیوال میں سیاحوں، مہم جوؤں اور مقامی لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سنو کار نیوال کے دوران کئی سرمائی کھیل مقابلے اورتمدنی پروگرام منعقد ہوئے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت0 اعشاریہ 7ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11 اعشاریہ3ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ